© rasailojaraid.com



گا"۔ موجودہ عسکری حکومت کے لئے خاص طور پر یہ لمحۂ فکریہ ہے اور ان کی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں اس بات کا تقاضا کرتی ہیں کہ اس معاہدے پر دستخط نہ کئے جائیں اور یہی قوم کا فیصلہ ہے۔ اگر ان پابندیوں کو ہی قبول کرنا تھا تو پھر ایٹمی تجربات پر اربوں روپے کیوں صرف کئے جبکہ ایٹمی دھماکوں کو بھی عسکری قوت کی بھر پور حمایت حاصل تھی۔

حکومت اس بحث کو بند کرے اور دو ٹوک فیصلے کے ذریعے دستخطوں سے انکار کردے۔ ہمارا رزاق اللہ ہے امریکہ نہیں۔ قوم بھوک برداشت کرلے گی مگر ملکی دفاع پر آنچ نہیں آنے دی گی۔

## پی سی او کے تحت ججوں کا نیا حلف "اسلامی جمہوریہ" کے الفاظ ختم

فوجی حکومت نے آخر کار پی سی او (عبوری آئین) کے تحت ججوں سے حلف لے لیا۔ تشویش ناک امر یہ ہے کہ حلف نامے میں پاکستان کے نام سے "اسلامی جمہوریہ" کے الفاظ ختم کر دیئے گئے ہیں۔ اس اقدام سے نہ صرف پاکستان کی اسلامی نظریاتی شناخت ختم ہو کر رہ گئی ہے بلکہ سب سے زیادہ فائدہ قادیانیوں اور دیگر بے دین لابیوں کو ہوا ہے۔ قادیانی اور ان کے شامل واجا لادین عناصر خوشیوں کے بگل بجا رہے ہیں۔ آئین میں ان بے دینوں اور مرتدوں کے کفریہ عقائد و نظریات کی تبلیغ کے راستے میں جو رکاوٹیں کھڑی کی گئی تھیں وہ سب غیر محفوظ بلکہ منہدم ہوتی نظر آرہی ہیں۔ خصوصاً قادیانیوں کی ارتدادی سرگرمیاں زور پکڑ گئی ہیں۔ اس پر مستزاد یہ کہ ملک کے کلیدی عہدوں پر قادیانیوں کو تعینات کیا جارہا ہے۔

چیف ایگزیکٹو جناب مشرف عبوری آئین میں تمام اسلامی دفعات کو تحفظ فراہم کریں۔ قادیانیوں اور تمام بے دین لابیوں کو نکیل ڈالیں۔ جو لوگ اللہ، رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام کے وفادار نہیں وہ ملک کے وفادار کیسے ہو سکتے ہیں؟ علامہ اقبال مرحوم نے انہیں اسلام اور وطن دونوں کا غدار قرار دیا ہے۔ اعلیٰ عہدوں پر ایسے عناصر کی تعیناتی ملک و قوم کے لیے کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ اس لیے انہیں فوراً کلیدی مناصب سے برطرف کیا جائے۔

## سودی معیشت کے خاتمہ کے لیے کمیشن......... نظر ثانی کی ضرورت

گزشتہ مہینے سپریم کورٹ کے فل بنچ نے سودی نظام کے خلاف شریعت کورٹ کے فیصلے کی توثیق کرتے ہوئے اسے درست قرار دیا تھا اور ساتھ ہی حکومت کو ہدایت کی تھی کہ سودی نظام معیشت کے خاتمے کے لیے فوری اقدامات کرے۔ دنیا کے کئی ممالک میں غیر سودی نظام رائج ہے اور ان کا یہ تجربہ کامیاب رہا ہے۔ حکومت نے سٹیٹ بنک کو اس مسئلے کے حل کے لیے ایک کمیشن تشکیل دینے کی ہدایت کی جو اسلامی

© rasailojaraid.com